عظمتوں کے پاسبان

حصہ سوم

تصنیف: علامہ محمد عبدالحکیم شرف قادری

الممتاز پبلی کیشنز ۰ لاہور

میثم قادری

چودھویں صدی سے پہلے
اور
بعد کے علماء و مشائخ

عَظمتوں کے پاسباں

حصّہ دوئم

تصنیف:

علامہ محمد عبدالحکیم شرف قادری

الممتاز پبلی کیشنز ۔ لاہور

نام کتاب .... عظمتوں کے پاسبان

تالیف .... محمد عبدالحکیم شرف قادری

کتابت .... محمد عاشق حسین ہاشمی (چنیوٹ)

تصحیح .... مولانا ریاض احمد سعیدی، فیصل آباد

جناب محمد عالم مختار حق، لاہور

طباعت .... بار اول ربیع الاول ۱۴۲۱ھ، ۲۰۰۰ء

ناشر .... الممتاز پبلی کیشنز، لاہور

باہتمام .... حافظ نثار احمد قادری

تعداد .... ایک ہزار

قیمت ....

ملنے کے پتے

☆ مکتبہ قادریہ، دربار مارکیٹ، گنج بخش روڈ، لاہور

☆ مکتبہ قادریہ، جامعہ نظامیہ رضویہ، لوہاری منڈی لاہور

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

فہرست

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

تقدیم

نحمده ونصلی ونسلم علی رسوله الکریم وعلی آله واصحابه اجمعین

راقم الحروف کے لکھے ہوئے مقالات مختلف رسائل وجرائد اور کتب میں بکھرے ہوئے تھے، اللہ تعالی کے فضل وکرم سے انہیں یکجا کیا گیا تو متعدد کتابیں تیار ہو گئیں، ان میں سے مقالات سیرت طیبہ کا ایک ایڈیشن مکتبہ قادریہ، لاہور اور دوسرا امیر ملت فاؤنڈیشن، لاہور کی طرف سے شائع ہو چکا ہے۔ چار سو صفحات پر مشتمل تذکرہ "نور نور چہرے" کے نام سے ۱۴۱۸ھ/۱۹۹۷ء میں مکتبہ قادریہ، لاہور کی طرف سے چھپ چکا ہے تین مقالات کا مجموعہ "لمعات امام ربانی" کے نام سے چھپ گیا ہے، اسی طرح خلفائے امام احمد رضا بریلوی رحمۃ اللہ تعالی علیہ رضا اکیڈمی لاہور نے شائع کیا ہے۔ آخر الذکر مقالات کے دو مجموعے عزیزم محمد عبدالستار طاہر مسعودی کی ترتیب اور ملک محمد سعید مجاہد آبادی کے تعاون سے شائع ہوئے۔

اس طرح پیش نظر کتاب "عظمتوں کے پاسباں" پانچواں مجموعہ مقالات ہے جو عزیزم حافظ نثار احمد قادری سلمہ کی کوشش اور نگرانی میں شائع ہو رہا ہے اللہ تعالی انہیں اشاعتی میدان میں دین متین کی خدمت کے لئے قبول فرمائے اور تمام اولاد کو راقم الحروف کے لئے صدقہ جاریہ بنائے۔

اس تذکرے کو تین ابواب پر تقسیم کیا گیا ہے، پہلے باب میں چودھویں صدی سے پہلے کے آٹھ مشاہیر اور اکابر ملت کا تذکرہ ہے، دوسرے باب میں چودھویں صدی اور اسکے بعد کے ۴۱ علماء ومشائخ کا تذکرہ ہے، جن میں سے اکثر رحلت فرما چکے ہیں۔ بعض اس وقت بحمدہ تعالی بقید حیات ہیں، تیسرے باب میں رحلت فرمانے والے علماء ومشائخ کے بارے میں لکھے گئے تاثراتی مکتوبات اور بعض حضرات کے مختصر حالات ہیں، آخر میں صاحب تفہیم البخاری وتفسیر رضوی، استاذ الاساتذہ حضرت علامہ غلام رسول رضوی مدظلہ العالی کی سندوں کا عکس شائع کیا جا رہا ہے، حضرت کا تذکرہ "نور نور چہرے" میں شائع ہو چکا ہے، وہاں سندیں شامل نہ کی جا سکیں، ریکارڈ کو محفوظ کرنے کی غرض سے اس تذکرہ میں شامل کی جا رہی ہیں۔

اس تذکرے میں چند مقالات دوسرے ارباب قلم کے ان ہی کے نام سے شامل کر دیئے گئے